قسم کے مختلف علمی پہلو سامنے آجاتے ہیں۔ اس حیثیت سے جن حضرات کو اس موضوع کے ساتھ دلچسپی ہے یہ رسالہ ان کے مطالعہ کے لائق ہے۔

اسلامی عقائد اور سائنس

از مولوی عزیز احمد قاسمی بی۔ اے جامعہ تقطیع خورد ضخامت ۵۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸ر پتہ:- ادارہ

سائنس کے کسی طالب علم نے لائق مصنف سے بعض اسلامی عقائد کے بارہ میں چند سوالات کئے تھے یہ رسالہ انھیں سوالات کے جوابات پر مشتمل ہے۔ جن میں وجود باری۔ تجسیم الٰہ اور بعض صفاتِ باری پر سائنس کی زبان میں گفتگو کی گئی ہے۔ اس موضوع پر انگریزی زبان میں ضخیم مجلدات موجود ہیں اور علمائے سائنس وفلسفہ نے خود ان مسائل پر بڑی دادِ تحقیق دی ہے تاہم اردو میں بھی سائنس کے طلبار کو انھیں کے اندازِ فہم وفکر کے مطابق ذات باری تعالیٰ سے متعلق اسلامی عقائد کو سمجھانے کے لئے یہ رسالہ بھی بہت مفید ہوگا۔

تفسیر مظہری (عربی)

علماء طلبار اور عربی مدرسوں کے لئے شاندار تحفہ

مختلف خصوصیتوں کے لحاظ سے "تفسیر مظہری" تفسیر کی تمام کتابوں میں بہترین سمجھی گئی ہے۔ بلکہ بعض حیثیتوں سے اپنی مثال نہیں رکھتی۔ یہ حقیقت ہے کہ اس عظیم الشان تفسیر کے بعد کسی تفسیر کی ضرورت نہیں رہتی امام وقت قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے کمالات کا یہ عجیب وغریب نمونہ ہے

اس بے مثال کتاب کا پورے ملک میں ایک قلمی نسخہ بھی دستیاب ہونا دشوار تھا۔ شکر ہے کہ برسوں کی جد وجہد کے بعد آج ہم اس لائق ہیں کہ اس متبرک کتاب کے شایع ہونے کا اعلان کرسکیں تقریباً تمام جلدیں زیور طبع سے آراستہ ہوچکی ہیں۔

ہدیہ غیر مجلد:- جلد اول ستا روپے۔ جلد ثانی ستا روپے۔ جلد ثالث آٹھ روپے۔ جلد رابع پانچ روپے۔ جلد خامس سات روپے۔ جلد سادس آٹھ روپے۔ جلد سابع آٹھ روپے۔ جلد ثامن آٹھ روپے۔ جلد تاسع پانچ روپے۔ جلد عاشر پانچ روپے۔ ہدیہ کامل ۱۰ جلد اڑسٹھ روپے۔ رعایتی ساٹھ روپے۔